کچھ اضافی چیزیں بیان کر دی ہیں جن کو سند کا درجہ حاصل نہیں۔ مثلاً زیارتِ قبور کے سلسلہ میں مسنون طرزِ عمل واضح کرنے کے بعد انہوں نے چند مخصوص قرآنی آیات پڑھنے کی ہدایت کی ہے جو رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں' جبکہ بات تو وہی پختہ ہے جو حدیث نبویؐ ''مَا اَنَا عَلَیْہِ وَاَصْحَابِیْ'' کے تحت ہو۔

عمومی طور پر کتاب بہت مفید ہے۔ عمدہ سفید کاغذ پر کمپوزنگ معیاری اور خوبصورت ہے اور ٹائٹل دلکش ہے۔ کتاب پر قیمت درج نہیں البتہ ''الوقف للہ'' لکھا ہوا ہے۔

## (۲)

نام کتابچہ : تربیتِ اولاد کے ضمن میں والدین کی شرعی ذمہ داریاں

مصنف : حافظ محبوب احمد خان

ضخامت : 30 صفحات ۔ قیمت: 15 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ رحمۃ للعالمین' 758/3 جامع مسجد رحمۃ للعالمین' نذیر پارک' غازی روڈ لاہور

حافظ محبوب احمد خان اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اسلامی ذہن رکھنے والے نوجوان ہیں۔ خدمتِ خلق اور اشاعت اسلام اُن کا مشغلہ ہے۔ دینی اور اخلاقی موضوعات پر اُن کی تحریریں رسائل و جرائد میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ ہمارے معاشرے میں اکثر و بیشتر والدین کے حقوق پر زور دیا جاتا ہے اور اولاد کو والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کی تلقین کی جاتی ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے' مگر والدین کو اپنی ذمہ داریوں سے غفلت بھی ہرگز زیب نہیں دیتی۔ جب والدین اولاد کے معاملہ میں اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتے تو وہ اولاد سے حسن سلوک کی توقع رکھنے میں کیسے حق بجانب ہو سکتے ہیں!

زیر تبصرہ تحریر اس لحاظ سے خصوصی اہمیت کی حامل ہے کہ اس میں اولاد کے معاملے میں والدین کی ذمہ داریاں واضح کی گئی ہیں۔ عقل سلیم کا تقاضا بھی یہی ہے کہ پہلے درجے میں والدین اپنی اولاد کی نشوونما اور تربیت میں اپنے فرائض پورے طور پر بجالائیں اور پھر اولاد سے حسنِ سلوک اور فضائل اخلاق کی امید رکھیں۔ چونکہ مصنف اسلامی تاریخ کے ساتھ خاصی دلچسپی رکھتا ہے اس لیے اُس نے والدین کی ذمہ داریاں واضح کرنے کے لیے عظیم ترین والدین کے حوالے سے بات ذہن نشین کرانے کی کوشش کی ہے۔ قرآن و حدیث اور اسلامی تاریخ کی روشنی میں تحریر کردہ اس مختصر سے کتابچہ میں والدین کے لیے بہت عمدہ راہنمائی موجود ہے۔ OO

om